ایگری آٹو انڈسٹریز لمیٹڈ

agriauto INDUSTRIES LIMITED

ڈائریکٹرز کا انتخاب

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 159(4) کے تحت نوٹس

ایگری آٹو انڈسٹریز لمیٹڈ (کمپنی) کے اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 (ایکٹ) کی دفعہ 159(3) کے تحت درج ذیل افراد نے کمپنی کو بروز جمعرات، 22 اکتوبر 2026، صبح 11:30 بجے پرل کانٹی نینٹل (PC) ہوٹل، بال روم 1 اور 2، کلب روڈ، بالمقابل پی آئی ڈی سی بلڈنگ، سول لائنز، صدر ٹاؤن، کراچی میں اور وڈیو لنک سہولت کے ذریعے بھی منعقد ہونے والے سالانہ اجلاسِ عام (AGM) میں، خود کو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کے لئے اپنے اظہار نوٹسز جمع کرائے ہیں:

1۔ جناب یوٹا کا آرائے	2۔ جناب فہیم کپاڈیا
3۔ جناب حمزہ حبیب	4۔ جناب سہیل پی۔احمد
5۔ جناب محمد طیب احمد ترین	6۔ جناب عقیل ای۔مرچنٹ
7۔ جناب سلطان رحمان	8۔ محترمہ عالیہ سعیدہ خان

چونکہ ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند افراد کی تعداد، ایکٹ کی دفعہ 159(1) کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہے، اس لیے مذکورہ امیدواروں میں سے سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب سالانہ اجلاسِ عام میں کیا جائے گا۔ منتخب ڈائریکٹرز کی مدت تین (3) سال ہوگی اور انتخاب ایکٹ کی دفعہ 159 اور اس کے تحت نافذ العمل متعلقہ قواعد وضوابط کے مطابق عمل میں لایا جائے گا۔

مذکورہ امیدواروں کے تعارف اور پیشہ ورانہ پروفائلز کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں:

https://www.agriauto.com.pk/investor-info/

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 166(3) کے تحت بیان

ایکٹ کی دفعہ 166(3) کے تحت آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب ایکٹ کی دفعہ 159 کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا۔ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب ایکٹ کی دفعہ 166 اور اس کے تحت جاری کردہ ضوابط کے تقاضوں کی تعمیل کرتے ہوئے ان کے تجربے، پیشہ ورانہ صلاحیتوں، تنوع، مہارت اور علم کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔

شہریار اشرف خان
کمپنی سیکریٹری

کراچی؛ 15 اکتوبر 2026

15x2